رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **خاصہ سال دوم** پرچہ: **پانچواں** مضمون: **علوم الفقہ**

تاریخ: **17-02-2024** دن: ہفتہ کل وقت: **30** منٹ کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: نور الانوار کے ماتن کون ہیں؟

(الف) امام نسفی (ب) امام کرخی (ج) امام عبداللہ بن احمد (د) شیخ احمد

سوال نمبر 2: لفظ اصول ہے۔

(الف) واحد (ب) جمع (ج) اسم جمع (د) اسم جنس

سوال نمبر 3: قرآن نام ہے۔

(الف) نظم کا (ب) معنی کا (ج) نظم و معنی کا (د) احکام کا

سوال نمبر 4: نظم و معنی کی تقسیمات اربعہ میں کلام کے ساتھ تعلق ہے۔

(الف) اول، ثالث کا (ب) ثانی، رابع کا (ج) ثالث، رابع کا (د) اول، رابع کا

سوال نمبر 5: "لایحتمل البیان لکونہ بینا" حکم ہے۔

(الف) مفسر کا (ب) نص کا (ج) خاص کا (د) عام کا

سوال نمبر 6: "ولاء" وضو میں فرض ہے۔

(الف) امام مالک کے نزدیک (ب) امام شافعی کے نزدیک (ج) امام اعظم کے نزدیک (د) امام احمد کے نزدیک

سوال نمبر 7: خاص کے حکم پر کتاب میں کتنی تفریعات مذکور ہیں؟

(الف) تین (ب) چار (ج) سات (د) پانچ

سوال نمبر 8: خلع فسخِ نکاح کس امام کے نزدیک ہے؟

(الف) امام اعظم (ب) امام مالک (ج) امام شافعی (د) امام ذہبی

سوال نمبر 9: فرض باعتبار لغت حقیقتاً نام ہے۔

(الف) تقدیر کا (ب) لازم کا (ج) واجب کا (د) ایجاب و قطع کا

سوال نمبر 10: "روي أنه علیه السلام واصل فواصل اصحابه۔۔۔الخ" میں "واصل" کون سا فعل ہے؟

(الف) فعل امر (ب) فعل ماضی (ج) فعل مضارع (د) فعل نہی

سوال نمبر 11: امر تکرار کا احتمال رکھتا ہے۔

(الف) عند الشافعی (ب) عند ابی یوسف (ج) عند الکرخی (د) عند محمد

سوال نمبر 12: "طلقي نفسک" میں فرد حکمی ہے۔

(الف) دو طلاقیں (ب) ایک طلاق (ج) تین طلاقیں (د) کوئی طلاق نہیں

سوال نمبر 13: اگر چور تیسری مرتبہ چوری کرے تو امام شافعی کے نزدیک اس کی سزا ہے۔

(الف) بایاں ہاتھ کاٹ دینا (ب) قید کر دینا (ج) قتل کر دینا (د) سیدھا پاؤں کاٹ دینا

سوال نمبر14: "هو تسليم مثل الواجب به" کس کی تعریف ہے؟

(الف) ادا کی (ب) قضا کی (ج) کامل کی (د) مطلق کی

سوال نمبر15: قضا کے لیے سبب جدید کا ہونا ضروری نہیں ہے۔

(الف) امام اعظم کے نزدیک (ب) امام مالک کے نزدیک (ج) امام کرخی کے نزدیک (د) امام شافعی کے نزدیک

سوال نمبر16: "فعل اللاحق بعد فراغ الامام" کس کی مثال ہے؟

(الف) اداء قاصر کی (ب) اداء کامل کی (ج) اداء مشابہ بالقضاء کی (د) مطلق کی

سوال نمبر17: کس امام کے نزدیک بنیت نفل فرض حج ادا ہو جائے گا؟

(الف) امام محمد (ب) امام ابو یوسف (ج) امام شافعی (د) امام مالک

سوال نمبر18: إراقة الدم في أيام النحر۔۔۔

(الف) بدعة (ب) غير معقولة (ج) معقولة (د) مستحبة

سوال نمبر19: جب مثل منقطع ہو جائے تو امام اعظم کے نزدیک قیمت کا اعتبار ہے۔

(الف) یومِ انقطاع کی (ب) یومِ غصب کی (ج) یومِ خصومت کی (د) مطلق کسی دن کی

سوال نمبر20: عند الأشعري الحاكم بالحسن و القبح هو۔۔۔

(الف) العقل (ب) الشرع (ج) العقل و الشرع (د) الإنسان

سوال نمبر21: غیر نفس مامور بہ سے ادا ہو جائے اس کی مثال ہے۔

(الف) وضو (ب) جہاد (ج) قدرۃ (د) روزہ

سوال نمبر22: "هو القدرة الميسرة للأداء" یہ کس کی تعریف ہے؟

(الف) کامل کی (ب) قاصر کی (ج) مطلق کی (د) مقید کی

سوال نمبر23:۔۔۔وجوب کے منسوخ ہونے سے صفتِ جواز باقی نہیں رہتی۔

(الف) عند الاحناف (ب) عند الشوافع (ج) عند الکرخی (د) عند مالک

سوال نمبر24: "كوقت الصلاة" امر موقت کی کس نوع کی مثال ہے؟

(الف) نوع ثانی (ب) نوع اول (ج) نوع ثالث (د) نوع خامس

سوال نمبر25: امر موقت کی نوع ثالث کی مثال ہے۔

(الف) قضاءِ رمضان (ب) اداءِ رمضان (ج) حج (د) نماز